# نذر مسکیں

## شجرہ خاندان چشتیہ نظامیہ سلیمانیہ دعائیہ

**از تصنیف**

خاکسار خاکپائے درویشان پروفیسر ملک محمد الدین آوان
موجد آب حیات چشتی حیدری زمیندار پنڈی بہاؤ الدین ضلع گجرات

مرید خادم و غلام غلامان عالیجناب حضرت

قبلہ و کعبہ شہنشاہ والا جاہ شاہباز بلند پرواز شہسوار معارک تجرید تاجدار
کشور توحید مرد میدان تفرید عارف بے باک کامل اکمل افضل الفضلاء بے حجاب
شاہد بے نقاب۔ دریائے بیکنار۔ بحر زخار۔ جہان عرفان آفتاب حقیقت
ماہتاب شریعت۔ سید حیدر شاہ صاحب رئیس جلالپور شریف
برلب دریائے جہلم تحصیل پنڈ دادن خاں۔

**حسب الارشاد خاص حضور پرنور**

بلالی سٹیم پریس ساڈھورہ میں چھپا

# شجرۂ خاندان چشتیہ اہل بہشت متضمن برتوحید

| | |
|---|---|
| قابل حمد و ثنا ہے ایزد جان آفریں<br>اے محیط کل شیئ اے کریم الاکرمیں | خالق حور و ملک [illegible] و عرش بریں<br>تیری ذات پاک کی تعریف ہو سکتی نہیں |

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

| | |
|---|---|
| کیا لکھوں میں نعت تیری اے شفیع المذنبین<br>خود خدا مداح تیرا اے امام المتقین | باعث ایجاد موجودات ختم المرسلین<br>میں گدا ہوں اور تو ہے صاحب تاج و نگیں |

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

| | |
|---|---|
| محرم راز محبت مقتدائے اصفیا<br>افتخار اولیا و واقف رمز لقا | مخزن بذل و کرم جود و عطا شیر خدا<br>یا علی ابن ابی طالب امیر لافتا |

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

واقف اسرار غیبی شاہد بزم وصال
بلبل باغ حقیقت بحر عشق ذوالجلال
[illegible]
ہادی راہ ہدایت سالک فرخندہ فال
نور چشم ام سلمہ حسن بصری باکمال

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

عارف بیباک شاہ کشور فقر و فنا
صاحب علم و عمل شیدائے ذات کبریا
[illegible]
قبلہ کونین شاگرد علی المرتضٰے
خواجہ عبدالواحد ابن زید محبوب خدا

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

اے فضیل ابن عیاض اے کاشف سر خفا
گوہر مقصود سے بھر دیجئے دامن مرا
[illegible]
اے میرے مولا میرے آقا مرے مشکلکشا
ہے شفائے دردمنداں نام نامی آپکا

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

شاہباز قدس خضر راہ گم گشتگاں
خواجہ ابراہیم ادہم عارف عالی مکاں
[illegible]
سلطنت کو چھوڑ کر تو ہو گیا بے خانماں
اس تیری ہمت پہ میں قربان اے شاہ جہاں

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفیں

یا سدید الدین حذیفہ مرعشی ماہ لقا
کاشف سر دقایق مطلع نور الہدا
[illegible]
واقف سر احد لاریب تاج اولیا
کیجئے لطف و کرم سن حاجتیں میری ذرا

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دین

دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

راز دار کبریائی فیض بخش خاص و عام ‏ [illegible] ‏ گوہر دریائے وحدت عابد ذی احترام
یا امین الدین ہبیرہ خواجۂ عالی مقام ‏ ‏ بیخودی کا جام پلوا کر مجھے کر شاد کام

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین .
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

کیا عجب یا خواجہ ممشاد تیری شان ہے ‏ [illegible] ‏ تو ہے دریائے حقیقت چشمۂ فیضان ہے
عافنی من کل داء عرض خستہ جان ہے ‏ ‏ رنج و غم سے بندۂ احقر ترا حیران ہے

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

یا ابو اسحاق شامی چشتیوں کے پیشوا ‏ [illegible] ‏ ہادی راہ ہدایت دستگیر اولیا
مقتدائے عارفاں نور جلال کبریا ‏ ‏ ان لی قلباً سقیماً کر مرے دل کی دوا

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

تو ہی ابدال زمان اور عمدۃ الابرار ہے ‏ [illegible] ‏ مست جام بیخودی ہی قدوۃ الاخیار ہے
نکتہ دان راز حق ہے واقف اسرار ہے ‏ ‏ یا ابی احمد تیری نظر کرم درکار ہے

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

ناصح الدین بو محمد صوفی عالیجناب ‏ [illegible] ‏ شکم مادر میں ولایت سے ہوئے تم بہرہ یاب
جل گیا ہوں آتش عصیاں میں مثل کباب ‏ ‏ عاجز و مسکین ہوں محتاج ہوں خانہ خراب

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

ناصر الدین ابو یوسف شہ ملک بقا ‌ ‌ ناصر دین محمد صدر بزم اولیا
بیکسوں کے درد کے ہمدرد آشنا حاجت روا ‌ ‌ میں ہوں بیمار محبت کیجیے میری دوا

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

میرے دل کو نور ربانی سے تو پر نور کر ‌ ‌ اے مسیحائے زمان بیماری دل دور کر
تیرے کوچہ کا گدا ہوں صاحب مقدور ‌ ‌ خواجہ مودود میری عرض کو منظور کر

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

دل ہی گھبرایا ہوا اور غم سے خستہ جان ہوں ‌ ‌ اپنی بداعمالیوں سے ہو گیا ویران ہوں
خاتمہ بالخیر ہو اس فکر میں حیران ہوں ‌ ‌ خواجہ حاجی شریف زندنی حیران ہوں

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

خواجہ عثمان ہارونی کے صدقہ اے کریم ‌ ‌ جلد دکھلا دے مجھے اپنا صراط مستقیم
سوء اعمالی کثیر انت رحمن الرحیم ‌ ‌ انت شافی انت کافی فی مہمات العظیم

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

یا معین الدین معین منزل دنیا و دین ‌ ‌ لیس لی خیر العمل یا مقتدائے واصلین

غم سے میں بیجاں ہوں فریاد رس کوئی نہیں ۔۔ اک نگاہ لطف سے دلشاد کر میرے تئیں

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

اے طبیب دردمنداں رہنمائے گمرہاں ۔۔ دارو ئے درد مریضاں چارۂ بیچارگاں
خواجہ قطب الدین اوشی دستگیر بیکساں ۔۔ فخر ہے ہندوستاں کو تجھ سے ای قطب زماں

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

ای فرید الدین اے گنج شکر والا تبار ۔۔ کیجیگا فیض باطن سے میری کشتی کو پار
غمگساری کر مری اے بیکسوں کے غمگسار ۔۔ اپنی شمع حسن پر مجھکو جلا پروانہ وار

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

اے نظام الدین اے محبوب ذات کبریا ۔۔ قیصر و فغفور چین ہیں آپکے در کے گدا
اے زری زر بخش خواجہ ہے مری یہ التجا ۔۔ فکر دنیا سے چھڑا کر ذکر حق میں دو لگا

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

اے نصیر الدین تو ہے شہر دہلی کا چراغ ۔۔ پڑ گئے ہیں میرے دل پر ظلمت عصیاں سے داغ
دور کر رنج دوئی کو میرے اے عالی دماغ ۔۔ رنج و غم سے دے رہائی کر خوشی سے باغ باغ

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

یا کمال الدین علامہ بزرگ باکمال
حجت اہل حقیقت واقف راز وصال

تاجدار فقر فخری آفتاب اہل حال
خادم درگاہ اقدس ہوں میرا رکھنا خیال

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

اے سراج الدین و دنیا پیر پیران چمن
میری گردنیں پڑے ہیں بار عصیاں کے رسن

وارث وصاف فاروقی محب پنجتن
خواب غفلت سے جگا اے رہبر شیریں سخن

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

مطلع انوار ربی امام اولیا
شیخ علم الدین مہر آسمان ابتدا

عالم اسرار ربانی نظام اتقیا
اپنی خاک در کا سرمہ میری آنکھوں میں لگا

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

خواجہ محمود رحمن عاشق رب وحید
ہے تمنائے قدمبوسی مجھے اور شوق دید

لیجئے گا بینواؤں کی خبر یوم الوعید
اس سگ دری کو کر اپنی حضوری سے سعید

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

اے جمال الدین جمن پیر برنا و پیر
قید میں ہوں نفس امارہ کی یا حضرت اسیر

تشنگان عشق پر برسا تیرے ابر مطیر
ہو بزرگان سلف کا سایہ وقت اخیر

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دین

دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

یا ابو صالح حسن بحر سخا فیض اتم
چاہ وحشت میں گرا ہوں میں گرفتار الم
پشت خم ہے بار عصیاں سے مری او چشم نم
یا حسن بہر محمد کیجئے مجھ پر کرم

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دیں
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

ماہر اسرار علم ربی سراج السالکین
اے مرے قبلہ مرے کعبہ امیر المومنین
خواجہ شمس الدین محمد پیشوائے کاملیں
بندہ احقر ترا افکار سے ہے اندوہگیں

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دیں
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

رونق شہر مدینہ حضرت یحییٰ ولی
دیکھ لوں روضہ نبی کا ہے تمنا ہے دلی
اپنی مرقد پر بلا لو تا کھلے دل کی کلی
تا کہ ہو صادق مثل اک نہ تھا او رو کاج کی

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دیں
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

تیری برکت سے کلیم اللہ جہاں آباد ہے
نفس سرکش سے مری فریاد ہے فریاد ہے
ماہر علم حقائق تو میرے استاد ہے
المدد یا شیخ بندہ قابل امداد ہے

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دیں
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

سلطان نظام الدین اے سلطان ذی جود و سخا
میں گرفتار الم ہوں آپ کے در کا گدا
تیری فیض عام کا ڈنکا ہے ہر جا بج رہا
دام رنج و غم سے مجھکو کیجئے جلدی رہا

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دیں
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

فخر عالم فخر دنیا فخر دوراں فخر دیں | عالم علم شریعت شاہ عین الیقین
حق سے کر واصل تو اے تسکین دہ قلب حزیں | فکر دوزخ اور جنت سے چھڑا میرے تئیں

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دیں
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

اے طبیب دردمنداں عاشق پروردگار | طالبانِ راہ مولا کے ندیم و غمگسار
گلشن رازِ حقیقت کیلئے فصل بہار | خواجہ نور محمد رونق باغ مہار

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دیں
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

اے سلیمان زماں خواجہ سلیمان بادشاہ | آفتاب خاندان چشت والا دستگاہ
دیجئے ایسی توجہ کیجئے ایسی نگاہ | یاد حق میں میں رہوں مشغول ہر شام و پگاہ

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دیں
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

ہادی راہِ شریعت عارفِ پُر حسنا | مطلع الانوار لاہوتی شہ صبر و رضا
خواجہ شمس الدین محمد منبع خلق و ولا | زبدۂ اہلِ طریقت صاحب صدق و صفا

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دیں
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

نکتہ دان راز حق غمخوار ہر شاہ و گدا | میرے سر کے تاج حیدر شاہ امام اولیا

جان میری آپ پر اے مرشد مولا فدا
یا الٰہی عمر خضری کیجیو ان کو عطا

رحم کر اے حیدر ذیجاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

الاماں جور فلک سے یہ بڑا بیداد ہے
جو ترے سلک غلاماں میں ہے وہ دلشاد ہے
اے مہے نوشیرواں فریاد ہے فریاد ہے
اے مہے حاتم مدد کر موقع امداد ہے

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

کیجیے نظر کرم اے نور چشم پنجتن
فکر دنیا سے ہوا ہے مجھکو جینا بھی کٹھن
قرض میں جکڑا ہوا ہے میرا ہر موئے بدن
اس ذرا سی جان پر یہ کثرت رنج و محن

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

زندگی تھی مختصر تخم بدی بویا بہت
آپکے نظر کرم کا موج ہی جویا بہت
عمر کو لہو و لعب میں بے سبب کھویا بہت
خواب غفلت میں ہے حضرت بیغم سویا بہت

رحم کر اے حیدر ذی جاہ شہ دنیا و دین
دستگیری کر مری اے پیشوائے عارفین

## دعا بدرگاہ قاضی الحاجات بوسیلہ حضرت قبلہ کائنات

مدد یا حیدر ظل الٰہی
پڑی ہے آن کر مجھپر تباہی
مدد یا شیر دشت کبریائی
خدارا جلد دلواؤ رہائی

بگرداب بلا افتاد کشتی
مدد یا پیر حیدر شاہ چشتی

میرے دل کی سیاہی کو مٹا دو — مجھے دارین کی دولت دلا دو
مجھے رستہ ہدایت کا دکھا دو — میں وحشی ہوں مجھے انساں بنا دو

بگرداب بلا افتاد کشتی
مدد یا پیر حیدر شاہ چشتی

گرا ہوں چاہِ وحشت میں نکالو — مجھے یا سیدی للہ بچا لو
پکڑو ہاتھ میرا اور سنبھالو — مصیبت سے مرید اپنا چھڑا لو

بگرداب بلا افتاد کشتی
مدد یا پیر حیدر شاہ چشتی

مرا قصہ ہے دنیا سے نرالا — معاصی کا کنواں میں نے نکالا
گناہوں نے ہوا دل میرا کالا — کرو امداد بہر حق تعالیٰ

بگرداب بلا افتاد کشتی
مدد یا پیر حیدر شاہ چشتی

بڑی پر درد ہے میری کہانی — ہوئی برباد ساری زندگانی
پر اب اے واقفِ سرِ نہانی — کرو مجھ پر خدارا مہربانی

بگرداب بلا افتاد کشتی
مدد یا پیر حیدر شاہ چشتی

پڑے ہیں مجھ پہ جتنے رنج و آلام — یہ سب ہے اپنی کرتوتوں کا انجام
کرونگا میں نہ کوئی پھر برا کام — بچا لو اب کے یا شاہ نکو نام

بگرداب بلا افتاد کشتی
مدد یا پیر حیدر شاہ چشتی

مجھے افکار دنیا نے ستایا — غم و اندوہ نے ڈیرا جمایا
ادھر آلام کے دکھڑوں نے دبایا — اُدھر دل قرضخواہوں نے ستایا

بگرداب بلا افتاد کشتی

مدد یا پیر حیدر شاہ چشتی

غموں نے آکے ہر جانب سے گھیرا — مصیبت نے جمایا آکے ڈیرا
بڑا ابتر ہوا ہے حال میرا — فقط اک آسرا باقی ہے تیرا
بگرداب بلا افتاد کشتی
مدد یا پیر حیدر شاہ چشتی

جنوں میں پھنس گیا ہوں غم کا مارا — نہیں آتا نظر کوئی کنارا
ہوا ہے خوف سے دل پارہ پارہ — کرو نظر کرم مجھ پر خدارا
بگرداب بلا افتاد کشتی
مدد یا پیر حیدر شاہ چشتی

ترقی پر ہوا جب کچھ دنوں کام — ہوئی تسکین آیا دل کو آرام
پر آئے پھر وہی اب غم کے ایام — خدارا رحم کر اے فخر اسلام
بگرداب بلا افتاد کشتی
مدد یا پیر حیدر شاہ چشتی

ہے شاہانہ تیری سرکار عالی — نہیں آتا وہاں سے کوئی خالی
بڑھی ہے حد سے میری خستہ حالی — ہوں میں بھی یا حبیب اب سوالی
بگرداب بلا افتاد کشتی
مدد یا پیر حیدر شاہ چشتی

ہوا ہوں غم سے ایسا تنگ لاچار — کہ ظاہر کر نہیں سکتا میں زنہار
کرو لطف و کرم یا شاہ ابرار — خوشی سے دل کھلا دو مثل گلزار
بگرداب بلا افتاد کشتی
مدد یا پیر حیدر شاہ چشتی